# جلسہ سالانہ بلیٹن 2026

LAJNA IMA'ILLAH USA

تو کہہ دے۔ میں صرف اپنے ربّ کو پکاروں گا اور اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراؤں گا۔

(سورۃ الجن، آیت نمبر 21)





76 واں جلسہ سالانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ

3-5 جولائی، 2026

**Greater Richmond Convention Center**
**403 North 3rd Street, Richmond, VA 23219**

# جلسے کا مقصد




حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا:

اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لیے ضروری ہیں۔

(آسمانی فیصلہ، روحانی خزائن، جلد 4، صفحہ 376)

"کہ تا ہر ایک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اُٹھانے کا موقع ملے اور ان کے معلومات وسیع ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل و توفیق سے ان کی معرفت ترقی پذیر ہو"۔

(اشتہار 7 دسمبر 1892، مجموعہ اشتہارات، جلد اول۔ صفحہ نمبر 360)

## اس شمارے میں:


- خلفائے احمدیت کے زریں ارشادات
- مہمانوں اور کارکنات کے لیے ہدایات
- صدر صاحبہ کا پیغام
- نقشہ جلسہ گاہ
- ٹرانسپورٹ سے متعلقہ معلومات
- ہیومنٹی فرسٹ کی تربیتی نشستیں
- حاضری نگرانی
- رجسٹریشن-اندراج
- جلسہ گاہ برائے بچگان
- ضیافت کے انتظامات
- نمائشی اور معلوماتی اسٹالز
- پروگرام جلسہ


مزید معلومات کے لیے براہ کرم جلسہ دفتر سے درج ذیل ای میل پر رابطہ کریں

**lajna.daftar@jalsasalana.us**

# خلفائے احمدیت کے زریں ارشادات



پس یہاں آؤ اور امام کے حضور رہ کر اس بات کے حاصل کرنے کی فکر کرو جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے اُس کو مبعوث فرمایا ہے۔(27 دسمبر،1900)



پس ہمارا جلسہ شعائر اللہ ہے بلکہ ہر آنے والا شعائر اللہ ہے اور ومن یعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب کے مطابق جو اللہ تعالیٰ کے نشانوں کی عظمت کرتا ہے وہ اپنے تقویٰ کا ثبوت دیتا ہے۔ شعائر اللہ کی عزت اور قدر نہایت ضروری ہے اور جلسہ سالانہ کا موقع ہم میں سے ہر ایک کے تقویٰ کا امتحان ہے۔ پس چاہیے کہ ہم اس امتحان میں پورے اتریں۔(18 دسمبر 1925)



جلسہ کے دنوں میں ہمیں اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ ہم اپنے اوقات ضائع کرنے والے نہ ہوں اور ہمارا ایک لحظہ بھی ضائع نہ ہو۔ نیکی کی باتیں سنیں۔ دعاؤں میں مشغول رہیں۔ اپنے رب کے حضور جھکتے ہوئے عجز وانکساری سے ان ایام کو گزاریں۔(26 نومبر 1965)



جلسہ عبادت کرنے والوں کا جلسہ ہے۔ جلسہ اس مقصد کی خاطر ہے کہ خدا کے بندے خدا کے ہو جائیں جو عبادت کے بغیر ممکن نہیں۔(18 جولائی 1997)



ہمیشہ یاد رکھیں کہ جماعت احمدیہ کے جلسوں کے خاص مقاصد ہوتے ہیں اور سب سے بڑا مقصد اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرنا ہے، اللہ تعالیٰ کی محبت دلوں میں پیدا کرنا ہے، اس کے احکامات کی طرف توجہ پیدا کرنا ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے یہ دن آپ لوگ دعاؤں اور عبادتوں میں گزارنے کی کوشش کریں۔(2 دسمبر 2005)

# مہمانوں اور کارکنات کے لیے ہدایات




## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایّدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے ہدایات

عبادالرحمٰن شرک کے قریب بھی نہیں جاتے۔ شرک خداتعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑا ظلم ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تمام گناہ معاف ہوسکتے ہیں لیکن شرک نہیں۔ عبادالرحمٰن کے ساتھ جو شرک کو مخصوص کیا گیا ہے تو یہ صرف ظاہری شرک نہیں کہ بتوں کی پوجا کی جائے بلکہ شرک خفی سے بھی بچتے ہیں۔ ان کی عبادتوں اور دوسرے حقوق کی ادائیگی اللہ تعالیٰ کے حکموں کے مطابق ہوتی ہے اور بڑی باریکی سے اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ ان کی کوئی حرکت اور ان کا کوئی عمل کسی قسم کے شرک خفی کا باعث نہ بنے۔

(خطبہ جمعہ 25 ستمبر، 2009)

- ذکرِ الٰہی اور درود شریف میں اپنا وقت صرف کریں۔
- صبر، تحمل اور اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کریں۔
- اپنی روحانی حالت کی بہتری اور ترقی پر توجہ دیں۔
- دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیں۔
- عاجزی، انکساری اور اخلاص کا عملی نمونہ بنیں۔
- مہمان نوازی کا حق ادا کریں اور مہمانوں کا خیر مقدم کریں۔
- باہمی تعاون اور بھائی چارے کی فضا قائم رکھتے ہوئے معمولی مسائل کو نظرانداز کریں۔
- مہمانوں اور دیگر شرکاء کے ساتھ انتہائی شائستگی، احترام اور خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔
- تقاریر توجہ اور غور سے سنیں اور خاموشی کا اہتمام کریں۔ نیز جلسہ کی کارروائی کے دوران اپنا موبائل فون بند یا خاموش (Silent) رکھیں

# صدر لجنہ اماء اللہ یو ایس اے کا پیغام

پیاری لجنہ و ناصرات،

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

چھہتروان جلسہ سالانہ رچمنڈ، ورجنیا کے ایک خوبصورت کانفرنس سنٹر، میں منعقد ہو گا۔ جلسے کی مختلف انتظامی ٹیمیں آپ کی سہولت اور ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے جلسہ گاہ کو ہر ممکن حد تک آرام دہ بنانے کے لیے بھرپور کوشش کر رہی ہیں۔ ہم مزید بہتری کے لیے مسلسل کوشاں ہیں اور آپ کے صبر و تحمل، تعاون کے خواہاں ہیں۔

امسال جلسہ سالانہ کا مرکزی موضوع قرآن کریم کی درج ذیل آیت مبارکہ ہے:

**"تو کہہ دے، میں صرف اپنے رب کو پکاروں گا اور اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراؤں گا"۔**

سورۃ الجن، آیت 21

حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلسہ سالانہ میں شرکت کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

- ...حتی الوسع تمام دوستوں کو محض للہ ربانی باتوں کے سننے کے لئے اور دعا میں شریک ہونے کے لیے اس تاریخ پر آ جانا چاہیے...

  مجموعہ اشتہارات، جلد اول، صفحہ 302-303

---

- ...اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں...

  مجموعہ اشتہارات، جلد اول، صفحہ 303

---

- ...جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کے منہ دیکھ لیں گے اور روشناسی ہو کر آپس میں رشتہ تودد و تعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا...

  مجموعہ اشتہارات، جلد اول، صفحہ 303

---

- ...اور جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا۔ اس جلسہ میں اس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے گی...

  مجموعہ اشتہارات، جلد اول، صفحہ 303

---

- ...اور مکرر لکھا جاتا ہے کہ اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں...

  مجموعہ اشتہارات، جلد اول، صفحہ 341

•••

ایک مخلص احمدی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی اصلاح اور روحانی ترقی کے ہر موقع سے فائدہ اٹھائے۔ پس پوری کوشش کریں کہ یہ دعا کرتے ہوئے اس جلسہ میں شامل ہوں:

**سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ**

اللہ پاک ہے اور تمام تر تعریفیں اسی کے لئے ہیں۔ اللہ پاک ہے بہت عظمت والا ہے۔

اے اللہ! حضرت محمد ﷺ اور آلِ محمد پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرما۔ آمین


منتظر ملاقات،

والسلام


خاکسارہ

**دیا طاہرہ بکر**

# نقشہ، پہلی منزل: 5 سال سے کم عمر بچوں کی جلسہ گاہ




# نقشہ، دوسری منزل: مرکزی جلسہ گاہ



# اہم معلومات

## رجسٹریشن ۔ اندراج

- شیر خوار بچوں، بزرگوں اور مہمانوں سمیت ہر فرد کی رجسٹریشن لازمی ہے۔
- اپنا جماعتی شناختی کارڈ (AIMS Card) ساتھ لے کر آئیں۔
- آن لائن رجسٹریشن کے لئے لنک:

https://jalsasalana.us/registration/

- گر آپ کے پاس تصویری شناختی کارڈ موجود نہیں ہے تو درج ذیل ویب سائٹ پر رجوع کریں

www.ahmadiyya.us/members/tajneed-membership

## ٹرانسپورٹ سے متعلقہ معلومات

- جلسہ سالانہ ٹرانسپورٹ کے لیے اس لنک پر جا کر معلومات حاصل کریں۔

https://transportation.jalsasalana.us/

## ضیافت کے انتظامات

- خواتین کی مرکزی ضیافت نچلی منزل پر واقع ہے۔ وہاں پہنچنے کے لیے مرکزی جلسہ گاہ کے بائیں جانب والے راستے سے گزرتے ہوئے ایسکلیٹر یا ایلیویٹر کے ذریعے نیچے تشریف لے جائیں۔
- بچوں کے لیے اضافی ضیافت کا انتظام آڈیٹوریم میں کیا گیا ہے۔
- چھوٹے بچوں والی ماؤں کے لیے ضیافت نچلی منزل پر بچوں کی جلسہ گاہ کے بائیں جانب دستیاب ہوگی، جبکہ آڈیٹوریم میں پیچھے دائیں جانب والے راستے کے ساتھ بھی ضیافت کا انتظام موجود ہے۔
- سٹرولر کے ساتھ آنے والی ماؤں کے لیے ضیافت کا انتظام سٹرولر ایریا میں کیا گیا ہے۔
- وہیل چیئر استعمال کرنے والی خواتین کے لیے ضیافت کا انتظام گرین ایریا میں کیا گیا ہے، جو جلسہ گاہ کے بائیں جانب والے راستے کے ساتھ واقع کمروں پر مشتمل ہے۔
- ناشتہ جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو مرکزی ضیافت ایریا میں صبح آٹھ بجے سے پونے دس بجے تک ہوگا اور پروگرام کے آغاز سے 15 منٹ قبل بند کر دیا جائے گا۔

## فنڈ ریزنگ
### دستکاری و مینا بازار

- جلسہ کے پہلے دن (جمعۃ المبارک) دوپہر بارہ بجے سے قبل مقابلہ کے لیے اپنی اشیاء جمع کروائیں اور ان پر اپنا نام واضح طور پر درج کریں۔
- فنڈ ریزنگ کے لیے فروخت کے قابل اچھی اور معیاری اشیاء ساتھ لائیں۔

## حاضری نگرانی

- جلسہ سالانہ 2026 کیلئے رضاکارانہ خدمات پیش کرنے کے لیے اپنی مقامی صدر سے رابطہ کریں۔

## جلسہ گاہ برائے بچگان

- امسال جلسہ گاہ کے انتظامات اور نقشہ میں بعض تبدیلیاں کی گئی ہیں۔
- آڈیٹوریم اُن ماؤں کے لیے مختص ہے جو بچوں کے سٹرولر کے بغیر تشریف لائیں۔
- آڈیٹوریم سے قبل واقع آخری کمرے میں بچوں کے جلسہ گاہ کے لیے فنڈ ریزنگ کا انتظام ہوگا۔
- اس کے بعد سٹرولر کے ساتھ آنے والی ماؤں کے بیٹھنے کی جگہ مختص ہے
- اس کے ساتھ سٹرولرز رکھنے کے لیے مخصوص جگہ موجود ہے۔
- مزید آگے دودھ پلانے والی ماؤں اور خصوصی ضروریات رکھنے والے افراد کے لیے علیحدہ جگہ مختص کی گئی ہے۔





اللہ تعالیٰ کی صفت
الشکور، قدر دان

# نمائشی اور معلوماتی اسٹالز

| | |
|---|---|
| 1 | IAAAE |
| 2 | AWSA |
| 3 | AACP |
| 4 | AAMA |
| 5 | AMPS |
| 6 | SOT |
| 7 | AEA |
| 8 | ALA |

| | |
|---|---|
| 9 | جوتے کے تھیلوں کی فروخت گاہ |
| 10 | حاضری نگرانی |
| 11 | ہیومینٹی فرسٹ |
| 12 | الوصیت |
| 13 | مہمان نوازی |
| 14 | دفتر معلوماتِ عامہ |
| 15 | ابتدائی طبی امداد و معائنہ |
| 16 | ہومیو پیتھی |

| | |
|---|---|
| 17 | امورِ طالبات |
| 18 | *PAAMA* |
| 19 | ریویو آف ریلیجنز |
| 20 | وقف نو |
| 21 | تجنید |
| 22 | نو مبائعات |
| 23 | تقویٰ۔الفرقان |




اللہ تعالیٰ کی صفت
المجیب، دعائیں قبول کرنے والا

# پروگرام لجنہ

## ہفتہ، صبح کا اجلاس

| وقت | پروگرام |
|---|---|
| 10:00 صبح | تلاوت قرآن کریم مع انگریزی ترجمہ |
| 10:15 صبح | نظم مع انگریزی ترجمہ |
| 10:30 صبح | اپنے دین اور ملک سے عہد وفا<br>لبنیٰ ملک صاحبہ |
| 10:55 صبح | عہد باری تعالیٰ (اردو مع انگریزی ترجمہ)<br>ڈاکٹر امۃ الرحمن احد صاحبہ |
| 11:15 صبح | جہاد بالنفس<br>رابعہ انور صاحبہ |
| 11:40 صبح | تحدیث نعمتِ باری تعالیٰ<br>زونا احمد صاحبہ |
| 12:00 دوپہر | تقسیم انعامات و خراج تحسین |
| 12:50 دوپہر | نظم مع انگریزی ترجمہ |
| 01:00 دوپہر | اعلانات |
| 01:20 دوپہر | اذان |
| 01:25 دوپہر | نمازِ ظہر و عصر |
| 01:30 دوپہر | طعام |

# پروگرام لجنہ

## ہفتہ، شام کا اجلاس

| وقت | پروگرام |
|---|---|
| 04:00 شام | تلاوتِ قرآنِ کریم مع انگریزی ترجمہ |
| 04:10 شام | نظم مع انگریزی ترجمہ |
| 04:20 شام | نافعُ الناس بننے کی سعی<br>ماہا ملک صاحبہ |
| 04:35 شام | وصیت: محبت اور قربانی کا عِہد<br>دیا طاہرہ بکر صاحبہ<br>صدر لجنہ اماء اللہ یو ایس اے |
| 04:50 شام | قصیدہ و نومبائعات کا خیرِمقدم |
| 05:10 شام | اعلانات |
| 05:15 شام | اختتام |
| 06:00 شام | طعام |
| 08:36 شام | اذان |
| 08:40 شام | نمازِ مغرب و نمازِ عشاء |

LAJNA IMA'ILLAH USA

جلسہ سالانہ بلیٹن 2026